اوم

مُستند اُردُو ترجمہ

ستیارتھ پرکاش

مُصنّفہ مہرشی دیانند

ملنے کا پتہ:- آریہ پُستکالیہ لاہور

ओ३म्

ستیہ دھرم ابھلاشی اُردو دان اصحاب کیلئے بیش بہا تحفہ

مُستند اُردو ترجمہ

ستیارتھ پرکاش

مُصنّفہ مہرشی دیانند سرسوتی جی

حسب اجازت شریمتی آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب

مہاشے لکھشمن آریو پدیشک (رام نگری) نے

آریہ پستکالیہ لاہور کیلئے یونین سٹیم پریس لاہور میں چھپوایا

چوتھی بار تعداد جلد ۵۰۰۰ قیمت فی جلد عصہ

(۶۲) اے لوگو تحقیق آیا تمہارے پاس پیغمبر ٹھیک بات لیکر تمہارے رب کے پاس سے پس لاؤ ایمان ---- اللہ معبود اکیلا ہے + (منزل اول۔ سیپارہ پنجم سورۃ آیت ۱۶۶-۱۶۷) +

(محقق) کیا جب پیغمبروں پر ایمان لانا لکھا تو ایمان میں پیغمبر خدا کا شریک ہوا یا نہیں خدا محدود المکان ہے محیط کل نہیں۔ تب ہی تو اُس کے پاس سے پیغمبر آتے جاتے ہیں ایسا تو خدا نہیں ہوسکتا۔ کہیں محیط کل لکھتے ہیں۔ کہیں محدود المکان اس سے ظاہر ہوتا کہ قرآن ایک شخص کا بنایا ہوا نہیں ہے۔ بلکہ بہت لوگوں کا بنایا ہوا ہے + ۶۲ +

سورۃ مائدہ (۶۳) تم پر حرام کیا گیا مردار۔ لہو۔ سور کا گوشت۔ جس پر اللہ کے سوا کچھ اور پڑھا جائے۔ اور جو مر گیا گھُٹ کر۔ اور جو لاٹھی یا پتھر کی ضرب سے۔ یا اوپر سے گر کر اور جو سینگ مارنے سے اور جس کو کھایا ہو درندوں نے + (منزل اول سیپارہ ششم۔ سورۃ پنجم۔ آیت۔ ۲) +

(محقق) کیا اتنی ہی چیزیں حرام ہیں؟ اور بہت سے حیوان اور حشرات الارض وغیرہ مسلمانوں کے لئے حلال ہیں۔ یہ تمام باتیں انسان کی گھڑنت ہیں۔ خدا کی نہیں اس لئے مستند بھی نہیں ہیں + ۶۳ +

(۶۴) اور قرض دو تم اللہ کو اچھا البتہ میں تمہاری بُرائی دور کردونگا اور تمہیں بہشتوں میں داخل کرونگا + (منزل دوم۔ سیپارہ ششم۔ سورۃ پنجم۔ آیت ۱۱) +

(محقق) واہ جی واہ! مسلمانوں کے خدا کے گھر میں کچھ بھی دولت نہیں رہی ہوگی اگر ہوتی تو قرض کیوں مانگتا؟ اور اُن کو کیوں بہکاتا۔ یہ کہہ کر کہ تمہاری برائی دور کرکے تم کو بہشت میں بھیجونگا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ خدا کے نام سے محمد صاحب نے اپنا مطلب نکالا ہے + ۶۴ +

(۶۵) بخشتا ہے جس کو چاہتا ہے اور عذاب دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور دیا تم کو جو نہ دیا کسی کو (منزل دوم۔ سیپارہ ششم۔ سورۃ پنجم۔ آیت ۱۷-۱۸) +

(محقق) جس طرح شیطان جس کو چاہتا ہے گنہگار بناتا ہے۔ ویسے ہی مسلمانوں کا خدا بھی شیطان کا کام کرتا ہے؟ اگر ایسا ہے تو پھر بہشت اور دوزخ میں خدا ہی جاوے کیونکہ

لہ یا ایہا الناس قد جاءکم رسول بالحق من ربکم فامنوا۔ انما اللہ الہ واحد +

۲ حرمت علیکم المیتۃ والدم ولحم الخنزیر وما اھل لغیر اللہ بہ والمنخنقۃ والموقوذۃ والمتردیۃ والنطیحۃ وما اکل السبع ۳ و اقرضتم اللہ قرضاً حسناً لاکفرن عنکم سیاتکم ولادخلنکم جنات ۴ یغفر لمن یشاء ویعذب من یشاء۔ و اٰتکم مالم یوت احداً +

توریت زبور کا دین جو کہ اُن کا تھا جھوٹا ہو گیا؟ یا اُن کا کوئی اور مذہب تھا کہ جس کو جھوٹا کہا۔ اور اگر وہ مذہب کوئی اور تھا تو کونسا تھا۔ بتلاؤ اگر اُس کا نام قرآن میں (موجود) ہو + ۷۳ +

(۷۴) پس البتہ دیکھیگا تو مجھ کو۔ پس جب تجلےٰ کی اس کے پروردگار نے پہاڑ کیطرف کیا ریزہ ریزہ اُس کو اور گر پڑا موسےٰ بیہوش۔ (منزل دوم۔ سیپارہ نہم۔ سورۃ ہفتم۔ آیت ۱۴۹[لہ]) +

(محقق) جو دیکھنے میں آتا ہے وہ محیط کل نہیں ہوسکتا۔ اور اگر ایسے معجزے کرتا پھرتا تھا تو خدا اس وقت ایسے معجزے کسی کو کیوں نہیں دکھلاتا؟ بالکل جھوٹ ہونے سے یہ بات قابل تسلیم نہیں + ۷۴ +

(۷۵) اور یاد کرو پروردگار اپنے کو اپنے دل میں عاجزی اور ڈر سے اور کم آواز سے صبح اور شام کو + (منزل دوم سیپارہ نہم۔ سورۃ ہفتم۔ آیت ۱۸۹[عہ]) +

(محقق) کہیں تو قرآن میں لکھا ہے کہ اونچی آواز سے اپنے پروردگار کو پکارو اور کہیں لکھا کہ دھیمی آواز سے خدا کی یاد کرو۔ اب کہئے کونسی بات سچی اور کونسی جھوٹی ہے؟ ایک دوسرے کے متضاد باتیں پاگلوں کی بکواس کی مانند ہوتی ہیں۔ اگر کوئی بات سہواً خلاف نکل جائے تو چنداں مضائقہ نہیں + ۷۵ +

سورۃ **انفال**۔ (۷۶) سوال کرتے ہیں تجھ سے بابت لُوٹے ہوئے مال کے۔ تو کہہ مال لُوٹ کا اللہ کا ہے اور رسول کا اور ڈرو اللہ سے + (منزل دوم۔ سیپارہ نہم۔ سورۃ ہشتم۔ آیت ۱[سہ]) +

(محقق) تعجب ہے کہ جو لوٹ مچادیں ڈاکو کے کام کریں کراویں وہ خدا پیغمبر اور ایمان دار کہلادیں۔ ساتھ ہی اللہ کا ڈر بتلاتے اور ڈاکا مارتے جاتے ہیں پھر یہ کہتے شرم نہیں آتی کہ ہمارا مذہب اچھا ہے + اس سے بڑھ کر اور کیا بُری بات ہوسکتی ہے کہ تعصب کو چھوڑ کر سچے ویدک دھرم کو (مسلمان) قبول نہیں کرتے + ۷۶ +

(۷۷) اور کاٹے جڑ کافروں کی .... میں مدد دونگا تم کو ساتھ ہزار فرشتوں کے پیچھے پیچھے آنے والے البتہ میں کافروں کے دلوں میں رعب ڈالونگا۔ پس مارو اُوپر گردنوں کے اور کاٹو اُن کے پور پور + (منزل دوم۔ سیپارہ نہم۔ سورۃ ہشتم۔ آیت ۷-۹-۱۲[عہ]) +

(محقق) واہ جی واہ؟ خدا اور پیغمبر خوب رحمدل ہیں + جو لوگ مذہب اسلام میں نہیں اُن کافروں کی جڑ کاٹنے اُن کی گردن مارنے اور اُن کے جوڑوں کو کاٹنے کا خدا حکم دیتا ہے۔

[لہ] فسوف ترانی - فلما تجلی ربہ للجبل جعلہ دکا وخر موسیٰ صعقا [عہ] واذکر ربک فی نفسک تضرعا وخیفۃ ودون الجھر من القول بالغدو والاصال [سہ] یسئلونک عن الانفال قل الانفال للہ والرسول فاتقوا اللہ [عہ] ویقطع دابر الکفرین - انی ممدکم بالف من الملائکۃ مردفین - سالقی فی قلوب الذین کفروا الرعب فاضربوا فوق الاعناق واضربوا منھم کل بنان +